CANADA

ووٹ

2015ء فیڈرل الیکشن بلیٹن:

آب و ہوا میں تبدیلی

مسئلہ

صاف ہوا، صاف پانی، مستحکم آب و ہوا، صحت بخش غذا کی فراہمی، اور صاف توانائی ہماری حالیہ اور مستقبل کی فلاح و بہبود اور خوشحالی کیلئے ضروری ہیں۔ اس کے ساتھ ہی، ہمارے ماحول کی حفاظت اور عالمی سطح پر درجہ حرارت میں خطرناک حد تک اضافے کو کم کرنے کیلئے کینیڈا کی حکومت معقول اقدامات نہیں کر رہی۔

مضمون

فضا میں کاربن اب **400** پارٹس فی ملین تک بڑھ چکی ہے— جس کی وجہ سے آب وہوا میں تباہ کن حد تک تبدیلی والی صورت حال پیدا ہو رہی ہے۔ کینیڈا گرین ہاؤس گیسوں (ہر سال، فی فرد **14.7** میٹرک ٹن) کو فضا میں خارج کرنے والے سب سے بڑے ممالک میں سے ایک ہے۔ 1990ء سے، توانائی کے استعمال میں تقریباً 22% اور کاربن کے اخراج میں 19% اضافہ ہوا ہے۔

خطرے کی علامات واضح طور پر سامنے ہیں۔ واحد 2013ء میں ہی، کینیڈا میں کیلگری (Calgary) اور ٹورانٹو میں ریکارڈ توڑ سیلاب اور سردیوں میں طوفان آئے ہیں جو ملک بھر میں کمیونٹی کے بنیادی ڈھانچے میں رکاوٹوں کا باعث بنے۔ اس بات کا اندازہ لگایا گیا ہے کہ فضا میں ہر قسم کے اخراج کی وجہ سے آب وہوا کی تبدیلی پر حالیہ کسی قسم کا کوئی سد باب نہ کرنے کے نتیجے میں سالانہ پانچ ملین افراد کی اموات، ناقص خوراک ، بیماری، اور آلودگی، اور اس کے ساتھ ساتھ پراپرٹی میں بہت بڑے بڑے نقصانات کے نتیجے کا باعث ہیں، جواب 1 ٹرلیئن ڈالر اضافی ہیں۔

کینیڈا کو قابل بھروسہ کلائمیٹ چینج ایکشن پلان (Climate Change Action Plan) کی ضرورت ہے جو مؤثر طریقے سے کاربن کے استعمال پر قابو پائے۔ **2020**ء تک ہماری گرین ہاؤس گیس (جی ایچ جی) کے اخراج میں **2005**ء کے درجات سے 17% نیچے تک کمی کیلئے **2009**ء کوپن ہیگن کلائمیٹ چینج کانفرنس

(Copenhagen Climate Change Conference) میں مقرر کردہ معمولی سے ہدف پر پورا اترنے کیلئے حالیہ کاوشوں کا ہلکے پھلکے اثر سے لے کر کسی قسم کا کوئی اثر نہیں ہے۔

کینیڈا کو ایک ایسے منصوبے کی ضرورت ہے جو :

- کاربن کی آلودگی پر سخت اور قابل پیش گوئی قیمت عائد کر سکے، ایک ایسی قیمت جو صحیح قیمتوں کی عکاسی کر سکے، نئی ایجاد کی جانب لے کر جاتی ہو، اور یہ یقینی بنائے کہ انڈسٹری اور صارفین دونوں ہی ہمارے ذرائع کو مزید مؤثر انداز سے استعمال کرتے ہیں۔
- جی ایچ جی کے اخراج کے سخت معیارات تخلیق دے جو تمام تیل اور گیس سیکٹر بھر میں لاگو ہوں، اور غیر مؤثر فوسل ایندھن کیلئے امداد اور ٹیکس کی خاص چھوٹ کا خاتمہ کرے (یہ سالانہ کل 1.4 بلین ڈالر سے زیادہ بنتے ہیں)۔
- پہلے سے صاف، کم متاثر کرنے والے توانائی کے متبادل جیسے کہ ہوا، شمسی، زمین کے اندر کی گرمی اور حرارت، اور مدوجزری والی توانائی کیلئے سرمایہ فراہم کرے اور اس کے ساتھ ساتھ کینیڈا کے قدرتی علاقوں اور ذرائع کو محفوظ کرنے کیلئے خرچ کرے، جس میں جنگلی حیوانات یا بناتات بھی شامل ہیں۔
- آب و ہوا کی تبدیلی کے کسی بین الاقوامی قابل پابندی معاہدے کی کوشش کرے جو کاربن کے اخراج میں کمی کیلئے مختلف ممالک کو پابند کرے اور یہ یقینی بنانے کیلئے منصفانہ اور واضح اہداف مقرر کرے کہ اوسطاً عالمی درجہ حرارت (کم سے کم) 2° سینٹی گریڈ سے نیچے رہتا ہے جو صنعت کے آغاز سے پہلے کے درجات سے زیادہ ہے۔
- سب سے غیر محفوظ، خاص طور پر جو سب سے شمال اور عالمی سطح پر جنوب میں موجود ہیں جنہیں آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات کا سامنا سب سے زیادہ ہے ان کی موافق کاوشوں کی تائید کرے۔ کینیڈا نے 2012ء سے ان کاوشوں کیلئے کوئی سرمایہ فراہم نہیں کیا ہے۔

سوالات

1. کیا آپ کوئلے، تیل اور گیس کیلئے امداد کے خاتمے، اور ماحول سے متعلقہ قوانین و ضوابط پر کام کریں گے؟
2. کیا آپ کاربن کے اس حد تک اخراج پر قیمت لگانے کی تائید کرتے ہیں جس سے عالمی سطح پر بڑھتے ہوئے درجہ حرارت 2° سینٹی گریڈ سے نیچے رہے؟
3. آپ / آپ کی پارٹی یہ یقینی بنانے کیلئے کیا کرے گی کہ دسمبر 2015ء میں پیرس میں منعقد ہونے والی آب و ہوا کی تبدیلی پر بین الاقوامی گفت وشنید (COP21) میں کینیڈا تعمیری کردار ادا کرتا ہے؟
4. کیا آپ کی پارٹی اخراج میں کمی کیلئے بامقصد اہداف کے ساتھ کلائمیٹ چینج ایکشن پلان متعارف کروائے گی؟

ذرائع:

مزید معلومات اور اس سلسلے کے اضافی حقائق ناموں کیلئے: http://spno.ca/canada-votes-2015

یہ سلسلہ مندرجہ ذیل کے ذریعے عمل میں آیا: کینیڈین کونسل آن سوشل ڈیویلپمینٹ، کمیونٹی ڈیویلپمینٹ کونسل درہم، کمیونٹی ڈیویلپمینٹ ہالٹن، ایڈمنٹن سوشل پلاننگ کونسل، سینٹ جان ہیومن ڈیویلپمینٹ کونسل، سوشل پلاننگ اینڈ ریسرچ کونسل آف بی سی، سوشل پلاننگ اینڈ ریسرچ کونسل آف ہیملٹن، سوشل پلاننگ کونسل آف کیمبرج اینڈ نارتھ ڈمفریز، سوشل پلاننگ کونسل آف کچنر-واٹرلو، سوشل پلاننگ نیٹ ورک آف اونٹاریو، اور سوشل پلاننگ ٹورانٹو۔

الیکشن کا دن: 19 اکتوبر 2015ء

ترجمہ بذریعہ ایم سی آئی ایس لینگویج سروسز- غیر منافع بخش تنظیم

www.mcislanguages.ca